100
Rupees

۱۰۰
روپیہ

امن معاہدہ ضلع کرم 2023ء بمقام پاراچنار

مورخہ 07.07.2023 سے مورخہ 13.07.2023 تک ضلع کرم کے مختلف مقامات پر جنگ وجدل شروع ہوئی تھی جس نے بعد میں [فر]قہ واریت کی شکل اختیار کی۔ اس لڑائی کو روکنے کے لئے ضلعی انتظامیہ، ضلعی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ضلع کرم کے اپر، لوئر اور سنٹرل کرم کے مشران کے تعاون سے کافی جدوجہد کی لیکن مختلف مقامات پر لڑائی کی شدت کی وجہ سے جنگ نہ رک سکی۔ بالآخر جناب کمشنر کوہاٹ ڈویژن کوہاٹ عزت مآب جناب سید محمد علی شاہ صاحب کی زیر قیادت ضلع کوہاٹ، ضلع ہنگو اور ضلع اورکزئی سے چیدہ چیدہ مشران پر مشتمل ڈویژنل گرینڈ جرگہ تشکیل کیا جو کہ ڈپٹی کمشنر کوہاٹ جناب ڈاکٹر عظمت وزیر کی قیادت میں مورخہ 11.07.2023 کو ضلع کرم تشریف لائے۔ جرگہ ممبران نے مقامی ضلعی انتظامیہ، ضلعی پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مقامی مشران کی تعاون سے فریقین کے مابین جنگ بندی کے لئے کافی گفت وشنید کی۔ جرگہ ممبران کی دن رات کی مسلسل اور انتھک کوششوں کی باعث تمام تر مقامات پر فائر بندی عمل میں لائی گئی بعد ازاں فریقین نے ڈویژنل گرینڈ جرگہ ممبران کو جنگ بندی اور ضلع ہذا میں امن کو برقرار رکھنے کے لئے ذیل امور کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے اختیارات دیئے۔ معزز گرینڈ جرگہ ممبران نے آپس میں صلاح مشورہ کرکے اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ مندرجہ ذیل شرائط بابت امن معاہدہ طے پائے گئے جو کہ تمام اقوام کرم بشمول اپر، لوئر اور سنٹرل کرم کو قابل قبول ہوگا۔

1. ضلع کرم میں تمام مقامات پر فریقین کے مابین فوری فائر بندی کی گئی۔
2. معزز گرینڈ جرگہ ممبران کے زیر نگرانی بمعہ ضلعی انتظامیہ، تمام تر مورچے خالی کرکے ضلعی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حوالے کئے گئے۔
3. فریقین کے مابین امن معاہدہ ایک سال کے لئے رکھا گیا جو فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔
4. ضلع کرم میں تمام تر راستوں کو بحفاظت عوام کی سہولت کے لئے کھلے رہینگے۔
5. اگر کسی علاقے میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آیا تو اس علاقے کے باشندگان، ضلعی انتظامیہ، ضلعی پولیس اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہر قسم کا تعاون کرنے کے پابند ہونگے تاکہ اصل ملزم / ملزمان تک رسائی ممکن ہوسکے اور علاقہ کے باشندگان ملزم / ملزمان کا ساتھ نہیں دیں گے تاکہ قرار واقعی سزا دی جاوئیں اور ساتھ ہی علاقے میں بھی امن وامان برقرار رہے۔ مزید برآں اگر کسی شخص یا اشخاص نے ملزم کو بلواسطہ یا بلاواسطہ کسی قسم کا تحفظ دے کر ثابت ہوا تو وہ بھی ملزم تصور کیا جائے گا۔
6. مندرجہ بالا شق میں سے کسی ایک شق کی خلاف ورزی کی صورت میں گرینڈ جرگہ ممبران کے فیصلے کے مطابق خلاف ورزی کرنے والے فریق سے مبلغ 12 کروڑ روپیہ جرمانہ لیا جائے گا جو حق سرکار اور جرگہ ممبران ضبط ہوگا۔ اور قانونی کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔